# گنجِ دانش

جسے پنجاب یونیورسٹی نے بی۔ اے فارسی کے طلبا کے لئے بطور نصاب مقرر کیا


شائع کردہ

تعلیمی مرکز ○ اُردو بازار ○ لاہور

برائے

پنجاب یُونیورسٹی لاہور

# گنجِ دانش

نصاب فارسی بی-اے (سال اوّل)

مرتبہ


پروفیسر ڈاکٹر عبدالشکور احسن

ایم-اے، ایل ایل-بی، پی ایچ ڈی

سابق صدر شعبۂ فارسی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

پروفیسر فیروزالدین رازیؔ (مرحوم)

سابق صدر شعبہ فارسی

گورنمنٹ کالج، لاہور

ڈاکٹر عبدالغنی

سابق لیکچرر شعبہ فارسی

گورنمنٹ کالج جہلم



پبلشرز

تعلیمی مرکز، اردو بازار، لاہور

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

ناشر ——— تعلیمی مرکز اردو بازار، لاہور

پرنٹر ——— وسیم عبداللہ پریس میو ہسپتال روڈ لاہور

تعداد اشاعت ——— ایک ہزار

بار ——— 18

سن اشاعت ——— 2012

1814

ہدیہ: 60-00 روپے

ملنے کا پتہ

تعلیمی مرکز، اردو بازار، لاہور

# فہرست مضامین

## حصہ نثر


| نمبر شمار | | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۔ | دکتر عیسیٰ صدیق | ۱ |
| ۲۔ | خدمات ایران بفرہنگ جہاں | ۵ |
| ۳۔ | صادق ہدایت | ۲۳ |
| ۴۔ | داود کوثرپشت | ۲۹ |
| ۵۔ | میر محمد حجازی | ۳۵ |
| ۶۔ | مجلس عیادت | ۳۹ |
| ۷۔ | چہار مقالہ | ۴۷ |
| ۸۔ | در ماہیتِ علم شعر و صلاحیتِ شاعر | ۵۱ |
| ۹۔ | فصل در چگونگی شاعر و شعرِ او | ۵۵ |
| ۱۰۔ | رقعات عالمگیری | ۶۱ |
| ۱۱۔ | بنام پادشاہزادۂ کلان سلطان محمد معظم شاہ عالم | ۶۵ |
| ۱۲۔ | و پادشاہزادہ محمد اعظم شاہ | |

## حصہ نظم

نمبر شمار — صفحہ


۱۳۔ سعدی ۷۳
۱۴۔ عراقی ۸۳
۱۵۔ فردوسی ۹۳
۱۶۔ انتخاب از شاہنامہ ۹۷
(۱) آگاہی یافتن بیژن از آمدن رستم ۱۰۲
(۲) بر آوردن رستم بیژن را از چاہ ۱۰۹
۱۷۔ قاآنی ۱۱۴
۱۸۔ قصیدہ ۱۱۵
۱۹۔ ایرج میرزا ۱۱۸
۲۰۔ قطعہ ۱۲۰
۲۱۔ کارگر و کار فرما ۱۲۱
۲۲۔ ضعیف ہمیشہ محکومِ قوی است ۱۲۲
۲۳۔ پروین اعتصامی ۱۲۳
۲۴۔ اشک یتیم ۱۲۵
۲۵۔ گل پنہان ۱۲۶
۲۶۔ سفر اشک ۱۲۷

۱

# دکتر عیسیٰ صدّیق

ڈاکٹر عیسیٰ صدیق عصر حاضر کے نامور ایرانی فضلاء میں سے ہیں۔ تعلیم، ریاضی اور فلسفہ آپ کے خاص موضوعات ہیں اور ان پر متعدد کتابیں اور تحقیقی مقالے سپرد قلم کر چکے ہیں۔

ڈاکٹر عیسیٰ صدیق ۱۳۱۱ ہجری قمری (۱۲۷۳ ہجری خورشیدی یا ۱۸۹۴عیسوی) میں تہران میں پیدا ہوئے۔ آپ کے دادا اولی محمد خان شاملو تاریخ جہانگشای نادری کے مشہور مصنف میرزا مہدی خاں شاملو کے اقارب میں سے تھے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے تہران کے مدرسہ ادب، مدرسہ کمالیہ اور دارالفنون میں تعلیم پائی۔ دارالفنون اس زمانے میں ایران کا ممتاز ترین کالج تھا۔ یہاں آپ امتحان میں اول رہے۔ ۱۲۹۰ ہجری خورشیدی (۱۹۱۱عیسوی) میں حکومت ایران نے آپ کو اعلیٰ تعلیم کے لئے فرانس بھیجا، جہاں سات سال کے دوران قیام میں آپ نے ورسائل سے شعبۂ تعلیم اور پیرس یونیورسٹی سے ریاضی میں ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد آپ انگلستان گئے جہاں کچھ عرصہ پروفیسر ایڈورڈ براؤن کی معیت میں آپ نے کیمرج یونیورسٹی میں فارسی کی تدریس کی اور اس کے ساتھ ساتھ ریاضی میں مطالعہ کا سلسلہ جاری رکھا۔

یورپ سے واپس آنے کے بعد آپ وزارت تعلیم سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۳۰۰ہجری خورشیدی (۱۹۲۱عیسوی) میں آپ "مدارس متوسطہ و عالیہ" کے انسپکٹر مقرر ہوئے۔ اس کے بعد صوبہ گیلان کے محکمۂ تعلیم کے ڈائرکٹر اور پھر مرکزی تعلیمات عالیہ کے صدر منتخب ہوئے۔ کچھ عرصہ لاء کالج میں